# **اندراج** کی رہنماء

آپ کو اس تمام رقم، جو آپ کی مہم جمع اور خرچ کرتی ہے، کے متعلق کیمپین فائنانس بورڈ (CFB) کو انکشافی بیانات کی صورت میں آگاہ کرنا ہو گا، جو یہاں پائے جانے والے باقاعدہ شیڈول پر جمع کروائی جانی چاہیں۔ ایک انکشافی بیان ایک رپورٹ ہوتی ہے، جو آپ اپنی مہم کی مالی سرگرمی عوام کو ظاہر کرنے کے لیے تیار کرتے اور C-SMART میں جمع کرواتے ہیں۔ ایک انکشافی رپورٹ میں ٹرانزیکشنز **اور** C-SMART میں اپ لوڈ کردہ دستاویزات شامل ہوتی ہیں۔

آپ کو تمام تعاون، بشمول دستاویزات، اطلاع کے اس دورانیے (جسے انکشاف کا عرصہ کہا جاتا ہے) میں ظاہر کرنی ہوں گی، جس میں وہ موصول ہوئی تھیں، بصورت دیگر انہیں عوامی فنڈز کے ساتھ میچ نہیں کیا جائے گا۔ آپ کو تمام اخراجات اطلاع کے اس دورانیے میں ظاہر کرنے ہوں گے، جس میں وہ پیش آئے تھے، بےشک اگر وہ غیر ادا شدہ ہوں۔ اگر آپ اطلاع کے ایک مخصوص عرصے میں کوئی مالی سرگرمی نہیں کرتے، تو آپ کو پھر بھی ایک انکشافی بیان جمع کروانی ہو گی۔

اندراج سے پہلے ان عمل ہائے درآمد اور بہترین طریقہ ہائے کار کے متعلق اپنی رہنمائی کے لیے اس چیک لسٹ کو استعمال کریں۔ اپنی مہم سے متعلقہ مخصوص تقاضہ جات کے لیے اپنے امیدوار سروسز لائیزان سے رابطہ کریں۔

## 1. اپنی مہم کی دستاویزات کو منظم کریں

*آپ کی پوری مہم کے دوران، آپ کو باقاعدگی سے C-SMART میں ڈیٹا درج اور دستاویزات اپ لوڈ کرنی چاہیں۔ C-SMART میں درج کردہ ہر ٹرانزیکشن کو ایک ٹرانزیکشن آئی ڈی تفویض کی جائے گی؛ اس مخصوص ٹرانزیکشن سے متعلقہ ہر دستاویز پر وہ ٹرانزیکشن آئی ڈی لکھیں۔ ٹرانزیکشنز کو درج اور تبدیل کرنے، دستاویزات اپ لوڈ کرنے اور انکشاف تیار اور جمع کروانے سے متعلقہ معاونت کے لیے C-SMART Help (C-SMART ہیلپ) سے رجوع کریں۔*

ہر انکشافی بیان کے ساتھ، مہمات کو درج ذیل دستاویزات اپ لوڈ کرنی چاہیں:

### بینک ریکارڈز

- ☐ عہدیدار بینک اسٹیٹمنٹس (حالیہ ترین وصول شدہ اسٹیٹمنٹ تک؛ تمام صفحات اپ لوڈ کریں، بےشک اگر خالی ہوں)
- ☐ تفصیلی ڈیپازٹ سلپس (جو نقد کے ڈیپازٹ کی رقوم کو چیک اور منی آرڈر سے ڈیپازٹ کی رقوم سے علیحدہ بیان کرتی ہوں)
- ☐ مرچنٹ اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹس (اگر CFB کے کریڈٹ کارڈ تعاون کے پلیٹ فارم، Contribute، کے علاوہ کسی دوسرے طریقے سے کریڈٹ کارڈ عطیات قبول کر رہے ہوں)
- ☐ کریڈٹ کارڈ اسٹیٹمنٹس (اگر اخراجات کرنے کے لیے مہم کا کریڈٹ ارڈ استعمال کر رہے ہوں، جو سفارش کردہ نہیں ہے)

**تعاون**

CFB کے پاس جمع کرائے جانے والے ہر انکشافی بیان کے ساتھ مہمات کی دستاویزات بھی جمع کرانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ میچ کے طور پر دعویٰ کردہ ہر تعاون کے لیے، آپ کو ہر تعاون کی دستاویزات کی ایک عدد نقل بھی اپ لوڈ کرنی چاہیے، جو بیک اپ دستاویزات کے طور پر کام کرتی ہیں۔ بیک اپ دستاویزات میچ کے لیے دعوٰی کردہ ہر تعاون کی درستی کی حمایت کرتی ہیں۔

| قسم | بیک اپ دستاویز بندی |
|---|---|
| چیک | چیک کی نقل |
| نقد | تعاون کارڈ کی نقل |
| منی آرڈر | تعاون کارڈ کی نقل اور منی آرڈر کی نقل |
| کریڈٹ کارڈ | کریڈٹ کارڈ کے عمل درآمد کا ثبوت (کریڈٹ کارڈ تعاون سے متعلقہ رہنمائی کی دستاویز ملاحظہ کریں) |

اگرچہ اشیاء کی صورت میں تعاون کو میچ نہیں کیا جا سکتا، مہمات کو عطیہ کار کی جانب سے مکمل کردہ اشیاء کی صورت میں عطیات کا ایک فارم اور اشیاء کی صورت میں تعاون کی مارکیٹ میں جائز قدر کی تصدیق کرنے والی کوئی رسید یا دیگر دستاویزات جمع کروانی ہوں گی۔

**اخراجات**

ہر خرچے کو C-SMART میں ایک بل اور بل کی ادائیگی کے طور پر درج کیا جانا چاہیے۔ آپ کی مہم کی خریدی گئی چیزوں، ادائیگی کے طریقے اور جہاں ممکن ہو، کام کے ثبوت کو ظاہر کرنے والی دستاویزات اپ لوڈ کریں۔ ہر خرچے کے متعلق آپ کے پاس برقرار دستاویزات میں اس کے مقصد اور وقت کے متعلق کافی تفصیلات موجود ہونی چاہیں، تاکہ ظاہر کیا جا سکے کہ مہم کے فنڈز کو اس خرچ کے لیے استعمال کرنا اجازت شدہ تھا۔ ایک یاددہانی کے طور پر، تمام اخراجات کو مہم سے متعلقہ ہونا چاہیے۔ مہم سے متعلقہ اخراجات اور مطلوبہ دستاویزات کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہینڈ بک کا باب 3 ملاحظہ کریں۔

- ☐ بلز اور انوائسز
- ☐ رسیدیں
- ☐ معائدے اور ٹائم شیٹس
- ☐ پے رول کے ریکارڈز، اگر کوئی پے رول پراسیسر استعمال کر رہے ہوں (ادائیگی کے سٹبز، پے رول پراسیسر کی دستاویزات وغیرہ)
- ☐ لیزیں اور کرایے کے معائدے
- ☐ منسوخ شدہ کمیٹی چیکس کی اگلی اور پچھلی اطراف
- ☐ الیکٹرانک فنڈ ٹرانسفر کا ثبوت
- ☐ کام کا ثبوت (مہم کی ابلاغ، براڈکاسٹ ریکارڈز وغیرہ کی نقول)

**ہر اندراج کے ساتھ جمع کروانے کے لیے اضافی مطلوبہ دستاویزات (جیسے قابل اطلاق ہو)**

☐ قرضے کی دستاویزات

☐ عارضی اسٹیٹمنٹس

☐ علیحدہ بینک اکاؤنٹ کے لیے دستاویزات

☐ منتقلیوں کے لیے دستاویزات

☐ ایڈوانسز اور ایڈوانس کی واپس ادائیگی کے لیے دستاویزات، بشمول پیشگی باز ادائیگی واؤچر

☐ خرچے کے ریفنڈز کے لیے دستاویزات

☐ دیگر رسیدوں کے لیے دستاویزات

- ایسی ٹرانزیکشنز جہاں آپ کی مہم کو کسی تعاون یا قرضے کے علاوہ دیگر طریقے سے رقم موصول ہوئی ہو، مثلاً کمیٹی بینک اکاؤنٹ پر حاصل کردہ سود۔

☐ استعمال کیے جانے والے فنڈ ریزنگ ایجنٹس کی فہرست

- ایک فنڈ ریزنگ ایجنٹ مہم کے عملے کا ایک کل وقتی ادائیگی والا یا رضاکارانہ رکن یا کاروباری فنڈ ریزنگ فرم ہوتی ہے، جسے آپ کی مہم کی جانب سے تعاون مانگنے اور قبول کرنے کے لیے برقرار رکھا گیا ہو۔

زیادہ تر مطلوبہ دستاویزات کے لیے ٹیمپلیٹس دستیاب ہیں۔ انہیں Forms and Templates (فارمز اور ٹیمپلیٹس) کے صفحے پر اور Consultant and Vendor Guide (مشیر اینڈ وینڈر گائیڈ) میں پائیں۔

## 2. C-SMART میں تمام مالی سرگرمی پر نظرثانی کریں اور کمیاں دور کریں

*ایک مرتبہ آپ نے اپنا ڈیٹا درج کر دیا ہو اور دستاویزات اپ لوڈ کر دی ہوں، تو اپنی مہم کا انکشاف جمع کروانے سے پہلے ذیل میں بیان کردہ رپورٹ کی خصوصیات کے ذریعے C-SMART میں اپنی ٹرانزیکشنز پر نظرثانی کریں۔*

تعاون کے لیے:

☐ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنے مالی تعاون پر نظرثانی کرنے کے لیے Itemized Contributions report (آئیٹمائیزڈ کنٹریبیوشنز رپورٹ) استعمال کریں کہ NYC کے انفرادی رہائشیوں کی جانب سے تعاون کا میچ کے لیے دعوٰی کیا گیا ہے اور ان کے ساتھ تعاون کی مطلوبہ بیک اپ دستاویزات موجود ہوں (جیسا کہ اوپر جدول میں ذکر کیا گیا ہے)

☐ اگر کسی فنڈ ریزر پر وصول کردہ ہوں، تو تعاون کو کسی تقریب کے ساتھ منسلک کریں

- C-SMART میں ایک فنڈ ریزر کو درج کرنے کے لیے، مزید معلومات کے لیے Fundraising Events (فنڈ ریزنگ ایونٹس) ملاحظہ کریں۔

Contribute کریڈٹ کارڈ پلیٹ فارم کے ذریعے وصول ہونے والے تعاون کے لیے، تعاون کو C-SMART میں اپ لوڈ کرنے، میچ کے لیے ان کا دعوٰی کرنے اور دیگر ایسے اقدامات، جو آپ کو لینے کی ضرورت ہو سکتی ہے، کے حوالے سے ہدایات کے لیے Contribute کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات ملاحظہ کریں۔

- ☐ Missing Address Information (پتے کی نامکمل معلومات) اور Missing Employment Information (ملازمت کی نامکمل معلومات) رپورٹس کے ذریعے عطیہ کاروں کی غیر موجود معلومات کی نظرثانی کریں
  - تعاون کار کی ملازمت کی معلومات––پیشہ، آجر کا نام اور آجر کا پتہ––ضروری ہے، اگر ایک اکیلا تعاون یا ایک شخص کی جانب سے کئی عطیات کا مجموعہ $99 سے زیادہ ہو۔
- ☐ ایسے تعاون کو تلاش کریں، جو ممنوعہ ذرائع سے یا حد سے زیادہ ہوں (اور انہیں ریفنڈ کریں)
  - C-SMART میں، Reports (رپورٹس) ٹیب کے Compliance (تعمیل) حصے میں درج ذیل رپورٹس کو استعمال کریں: Cash Contributions Over the Limit (حد سے زیادہ نقد تعاون)، Contributions Over the Limit (حد سے زیادہ تعاون) اورProhibited Contributions (ممنوعہ تعاون)۔
- ☐ کاروبار میں مشغول افراد کی جانب سے حد سے زیادہ تعاون کو تلاش کرنے کے لیے Doing Business Database (کاروبار میں مشغول ڈیٹابیس) ملاحظہ کریں (اور انہیں ریفنڈ کریں)
  - عطیہ کاروں کے ناموں کو Doing Business Database (کاروبار میں مشغول ڈیٹابیس) میں تلاش کریں۔ کاروبار میں مشغول افراد کے تعاون کی حدود کا اطلاق اس صورت میں ہوتا ہے اگر وہ اپنے تعاون کے وقت پر ڈیٹا بیس میں موجود ہوں۔ کاروبار میں مشغول افراد کے حوالے سے تقاضوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے کاروبار میں مشغول افراد کے حوالے سے کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات ملاحظہ کریں۔

اخراجات کے لیے:

- ☐ تقریب سے متعلقہ اخراجات کو ان کی متعلقہ فنڈ ریزنگ تقریب سے منسلک کریں
  - C-SMART میں درج کردہ فنڈ ریزنگ تقریب سے متعلقہ تمام معلومات پر نظرثانی کرنے کے لیے Fundraising Events report (فنڈ ریزنگ تقریبات کی رپورٹ) استعمال کریں۔
- ☐ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ نے تمام اخراجات کی درست طریقے سے اطلاع دی ہے، اپنے اخراجات پر نظرثانی کرنے کے لیے تمام اخراجات کی مکمل فہرست دیکھنے کے لیے Itemized Expenditures report (اخراجات کی تفصیلی رپورٹ) اور جاری کردہ تمام چیکس کی فہرست دیکھنے کے لیے Check Register (چیک رجسٹر) استعمال کریں۔
  - تمام واجب الادا ادائیگیوں کو درج کیا جانا چاہیے، بےشک اگر وہ ابھی ادا کردہ نہ ہوں۔
- ☐ کسی بھی متعلقہ اخراجات کو مستثنیٰ قرار دینا
  - اگر مستثنیٰ اخراجات مناسب طور پر رپورٹ اور دستاویز بند ہوں، تو وہ آپ کی مہم کے اخراجات کی حد میں شمار نہیں ہوتے۔
  - آپ کے اکاؤنٹ کی دیکھ بھال کے لیے آپ کی کمیٹی کے بینک کی طرف سے وصول کی جانے والی ہر قسم کی فیس، چیک فیس، ماہانہ فیس، اوور ڈرافٹ فیس اور وائر فیس کو مستثنیٰ قرار دیا جا سکتا ہے۔ C-SMART میں، بل کے نیچے بینک اور کریڈٹ فیس کے مقصد کا کوڈ (Bank & Credit Fees Purpose Code) منتخب کریں اور بل کی ادائیگی (Bill Payment) کے نیچے اسے بطور ایک مستثنی رقم درج کریں۔
  - ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے جمع کیے گئے تعاون کی رقوم کے لیے کریڈٹ کارڈ پروسیسرز کی طرف سے وصول کی جانے والی ہر قسم کی فیس، بشمول ٹرانزیکشن فیس، تنازعہ کی فیس اور منتقلی کی فیس کو بھی مستثنیٰ کے طور پر دعوی کیا جا سکتا ہے۔ C-SMART میں، بل کے نیچے بینک اور کریڈٹ فیس کے مقصد کا کوڈ (Bank & Credit Fees Purpose Code) منتخب کریں اور بل کی ادائیگی (Bill Payment) کے نیچے اسے بطور ایک مستثنی رقم درج کریں۔

☐ یقینی بنائیں کہ آپ کی مالی سرگرمی اس سے ملتی ہو، جس کی اطلاع آپ نے C-SMART میں دی ہو: اپنے تصفیے میں معاونت اور ان کا اپنی بینک اسٹیٹمنٹس سے موازنہ کرنے کے لیے Itemized Contributions (تفصیلی تعاون)، Itemized Expenditures (تفصیلی اخراجات) اور Cash Flow (کیش فلو) رپورٹس استعمال کریں۔

- Cash Flow (کیش فلو) رپورٹ میں Cash on Hand (پاس موجود نقدی) کی لائن کو آپ کی مہم کے موجودہ بینک بیلنس کے برابر ہونا چاہیے، اگر تمام سرگرمی آپ کے بینک اکاؤنٹ(س) میں شامل کر دی گئی ہے اور C-SMART میں درست طریقے سے درج کر دی گئی ہے۔

☐ دیکھیں کہ آیا آپ کو پچھلی انکشافی بیان میں کوئی ترمیم جمع کروانے کی ضرورت ہے۔

- Modified Statements (ترمیم شدہ اسٹیٹمنٹس) رپورٹ Reports (رپورٹس) ٹیب میں دستیاب) کو چلائیں یا CFB Disclosure Statement (CFB ڈسکلوژر اسٹیٹمنٹ) اسکرین پر ان انکشافی بیانات کی فہرست دیکھیں، جن میں پچھلے اندراج کے بعد سے ترمیم کی گئی ہے۔

## 3. اپنے انکشافی بیان CFB کو جمع کروائیں۔

اپ کی مہم کی انکشافی بیان، دستاویزات اور ترمیمات اسٹیٹمنٹ جمع کروانے کی آخری تاریخ پر **شام 5:00** تک موصول ہو جانی چاہیں۔ اندراج کی کسی بھی آخری تاریخ میں توسیع دستیاب نہیں ہے۔ انتخاب کے دور کے لیے آخری تاریخوں کی مکمل فہرست کے لیے Disclosure Deadlines (انکشاف کی آخری تاریخیں) کا صفحہ ملاحظہ کریں۔ اپنا انکشاف جمع کروانے سے بالکل پہلے:

☐ اپنے انکشافی بیان کا ایک مسودہ تیار کریں اور مسودے کا اپنی بینک اسٹیٹمنٹس، اکاؤنٹنگ ریکارڈز اور بیک اپ دستاویزات کے ساتھ تصفیہ کریں۔

C-SMART میں انکشافی بیانات جمع کروانے کے لیے، امیدوار یا خزانچی کو لازمی طور پر:

☐ اپنے انکشافی بیان کی Submission (اندراجات) کی ٹیب میں *Submit Disclosure (انکشافات جمع کروائیں)* کی خاصیت کے ذریعے تصدیق کریں اور جمع کروائیں۔

☐ Submission (اندراجات) کی ٹیب میں *Submit Amendment (انکشافات میں ترمیم)* کی خاصیت کے ذریعے اپنا سابقہ طور پر جمع کردہ انکشافی بیانات میں ترمیمات جمع کروائیں

## 4. انکشافی بیان جمع کروانے کے بعد

ہر انکشافی بیان کے بعد آپ کو CFB سے اسٹیٹمنٹ کی نظرثانی موصول ہو گی۔ مہم کے پاس تعمیل کے مسائل، رپورٹنگ میں تضادات اور میچنگ کے ناقابل قبول دعووں، جو آپ کی مہم کی تعمیل اور عوامی فنڈز کے لیے اہلیت کو متاثر کر سکتے ہیں، کو درست کرنے کے لیے نظرثانی کا جواب دینے کا موقع ہو گا۔ آپ کو کاروبار میں مشغول افراد کے حوالے سے اطلاعات بھی موصول ہوں گی، اگر آپ کے پاس Doing Business Database (کاروبار میں مشغول ڈیٹا بیس) اور بینک کے تصفیاتی نوٹسز، جو مہم کی رپورٹنگ اور بینک ریکارڈز کے درمیان تضادات بیان کرتے ہیں، میں درج افراد کی جانب سے کاروبار میں مشغول افراد پر لاگو حد سے زیادہ تعاون موصول ہوئے ہوں۔

مہمات کی انتہائی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اسٹیٹمنٹ پر نظرثانی کی تربیت میں شرکت کریں، جو انتخاب کے پورے دور میں وقفے وقفے سے پیشکش کی جاتی ہے اور اسے مہمات کو قبل از انتخابات آڈٹ کے عمل اور اسٹیٹمنٹ کی نظرثانیوں کا جواب دینے کے طریقے کو سمجھنے میں مدد دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

2024/2/21